Access Mental Health
(ذہنی صحت کی سروس)
1800 332 388

"A Tasmanian Lifeline" کے تعاون سے

یہ سروس کس کے لیے ہے؟

Access Mental Health Service ہر عمر کے ایسے لوگوں کے لیے ہے جن کی اپنی یا جن کے کسی واقف کی یہ صورتحال ہو:

- موڈ میں واضح تبدیلیاں نظر آتی ہوں
- طرزعمل یا حرکتوں میں انتشار
- ایسی چیزیں دیکھنا/آوازیں سننا جو موجود نہ ہوں
- گھبراہٹ اور خوف
- خودکشی کے خیالات اور سوچیں

آپ یہ سروس کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

تسمانیہ میں سب لوگ **1800 332 388** پر کو مفت ڈائریکٹ کال کر سکتے ہیں۔

یہ سروس کیا کرتی ہے؟

Access Mental Health ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹے تسمانیہ کے لوگوں کی مدد کے لیے کام کرتی ہے اور ان کے لیے تسمانیہ میں ذہنی صحت کے نظام تک رسائی آسان بناتی ہے۔

اس کے لیے کون ذمہ دار ہے؟

Access Mental Health کو ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ تسمانیہ اور Lifeline Tasmania باہمی تعاون سے چلا رہے ہیں۔ اس میں ذہنی صحت کے ماہر اور تجربہ کار پروفیشنلز کام کرتے ہیں۔

آپ کو کیا مدد ملے گی؟

✓ فون پر فوری مدد
✓ تسمانیہ میں ذہنی صحت کے نظام کے متعلق معلومات
✓ ضرورت ہونے پر ذہنی صحت کی پبلک سروسز کے پاس ریفرل (امدادی رابطے) میں مدد

اگر آپ یا کوئی اور شخص فوری خطرے میں ہوں تو پہلے 000 ایمرجنسی سروسز کو کال کریں۔

Tasmanian Government

ڈیپارٹمنٹ آف **ہیلتھ**